جان، مال اور وقت کی قربانی سے ہی دل جیتے جاسکتے ہیں

سچی معرفت بغیر خشیت اور خدا ترسی کے حاصل نہیں ہوسکتی

ہر دن آپ کے ایمان میں اضافے اور خوف خدا میں زیادتی کا باعث بننا چاہئے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 29 دسمبر 2006ء بمقام بیت السبوح فرینکفرٹ جرمنی کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ میں اس سال میں تعمیر ہونے والی بیوت الذکر کے افتتاح اور بعض بیوت کے سنگ بنیاد کے لئے جرمنی آیا ہوں۔ حضور انور کا یہ خطبہ بھی حسب معمول ایم ٹی اے پر براہ راست مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ نشر کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس سال تین نئی تعمیر ہونے والی بیوت الذکر کا افتتاح ہوگا۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کا ٹارگٹ پانچ بیوت سے کم کر دیا گیا ہے۔ اس دفعہ برلن میں بھی بیت الذکر کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ اس کی اہمیت کے پیش نظر دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ حالات سازگار رکھے اور وہاں کے نیشنلسٹ جو مخالفت کر رہے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کو بھی ہدایت دے۔

حضور انور نے فرمایا کہ بیوت الذکر کی تعمیر میں مالی قربانی پیش کریں اور اپنے وعدوں کو پورا کرنے کی کوشش کریں اور یاد رکھیں جان، مال اور وقت کی قربانی کے ذریعہ سے ہی آپ لوگوں کے دل جیت سکتے ہیں۔ حضور انور نے جنگ عظیم دوم سے قبل برلن میں بیت الذکر کی تعمیر کے لئے قادیان کی لجنہ کی قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جماعت نے ہمیشہ مالی قربانی میں قدم آگے بڑھایا ہے۔ آپ بھی ایسی ہی مثالیں قائم کریں۔

حضور انور نے فرمایا کہ صرف بیوت الذکر کو تعمیر ہی نہیں کرنا بلکہ ان کو آباد بھی کرنا ہے اور بیوت الذکر کو آباد کرنے والے لوگ وہی ہوتے ہیں جو فرمانبردار ہوں۔ نیکیوں کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والے ہوں۔ عبادت کرنے والے ہوں۔ عجز کے ساتھ اس کے حضور جھکتے ہوئے دعائیں کرنے والے ہوں۔ عابدوں اور زاہدوں کی طرح خدا کی معرفت حاصل کرنے والے ہوں۔ یاد رکھیں سچی معرفت بغیر خشیت الٰہی اور خدا ترسی کے ہرگز حاصل نہیں ہوسکتی۔

حضور انور نے فرمایا کہ یورپ میں پہلے بھی مخالفت ہوئی تو جب ان لوگوں تک صحیح سچا پیغام پہنچایا گیا تو یہ لوگ نہ صرف مخالفت سے باز آگئے بلکہ کئی معاملات میں ہماری مدد بھی کرنے لگ گئے۔ اس لئے ایسا نمونہ قائم کریں کہ ان پر دین کی حقیقی تعلیم کھل جائے۔ صبر کے ساتھ امن، محبت اور آشتی کا پیغام ان تک پہنچاتے رہیں۔

حضور انور نے احادیث اور حضرت مسیح موعود کے اقتباسات پیش فرماتے ہوئے ایمان اور عمل میں قدم آگے بڑھانے کی تلقین فرمائی۔ فرمایا کہ ہر دن آپ کے ایمان میں اضافے کا باعث بننا چاہئے اور ہر روز آپ کے اندر خوف خدا میں زیادتی ہونی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ صرف بیوت ہی تعمیر نہ کریں بلکہ دوسری تعلیمات پر بھی عمل کریں۔ مثلاً نماز، روزہ، زکوٰۃ، دعوت الی اللہ، ذکر الٰہی، خشیت الٰہی میں بھی ترقی کریں اور پاک، نیک تبدیلیاں اپنے اندر پیدا کریں۔ اگر آپ ایسا کریں گے تو خدا کے فضلوں کے نظارے دیکھیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا سے دعائیں کریں۔ عبادت کے طریق سیکھنے کے لئے دعائیں کریں۔ قربانیاں کرنے کے طریق سیکھنے کے لئے دعائیں کریں اور یہ دعائیں بھی کریں کہ خدا تعالیٰ ہمیں ان پر عمل کرنے کی توفیق بھی عطا فرمائے اور ہماری خدمتوں کو قبول فرمائے اور اپنے فضل سے اس میں برکت ڈال دے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آپ یہ پیغام پہنچائیں بھی اور عملی طور پر نمونہ بھی دکھائیں کہ ہم اخوت اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنے والے ہیں۔ ہم سے خوف نہ کھاؤ، ہم تو دنیا کے خوفوں کو دور کرنے والے ہیں۔ ہم اپنے حقوق چھوڑ کر دوسروں کے حقوق کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ (بیوت الذکر) کی اصل زینت عمارتوں کے ساتھ نہیں بلکہ ان نمازیوں کے ساتھ ہے جو اخلاص کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ پس آج جب ہم نئی بیوت بنا رہے ہیں اس سوچ کے ساتھ بنائیں کہ اللہ تعالیٰ کے حکموں پر چلتے ہوئے ان کی تعمیر اور آبادی کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین